کالج کی منصوبہ بندی کی گائیڈ

برائے معذور طلباء، IEPs اور 504 منصوبوں کے حامل طلباء



ایک ہینڈبک جو کہ آپ کو:

- بعد از ثانوی تعلیم سے متعلقہ اپنے قانونی حقوق کو سمجھنے میں مدد دیتی ہے
- کالج میں داخلے کی تیاری کے لیے ہائی اسکول میں اہم اقدامات اپنانے میں مدد دیتی ہے
- کالج میں داخلے اور مالی امداد کی درخواست سے متعلق اہم حقائق کو جاننے میں مدد دیتی ہے
- کالج میں دستیاب سہولیات اور خدمات سے روشناس ہونے میں مدد دیتی ہے تاکہ آپ کو کامیاب ہونے میں معاونت ملے
- کالج میں درکار معاونتیں حاصل کرنے کے طریقہ کار کو جاننے میں مدد دیتی ہے
- آپ کو تعلیمی سفر میں تعاون کے لیے وسائل تلاش کرنے میں مدد دیتی ہے

includenyc

NYC Public Schools | Division of Inclusive & Accessible Learning

NYC Public Schools Student Pathways



ہائی اسکول کے طلباء!

جب میں کالج میں داخلے کے لیے درخواست دے رہا تھا، تو اس وقت یہ بہت اچھا ہوتا اگر میرے پاس بھی ایسی گائیڈ ہوتی جو مجھے ایک معذور طالب علم ہونے کے ناطے بتاتی کہ میرے لیے کیا جاننا ضروری ہے۔ اس میں جاننے کے لیے بہت کچھ موجود ہے! کالج کے ایک طالب علم کی حیثیت سے، مجھے علم ہوا ہے کہ اپنے لیے آواز بلند کرنا اور سہولیات حاصل کرنے کے لیے مدد طلب کرنا کس قدر اہم ہے۔ اس کے علاوہ، کیمپس میں دیگر ایسے وسائل بھی دستیاب ہیں جن تک آپ رسائی پا کر وہ مہارتیں سیکھتے ہیں جو کالج میں کامیابی کے لیے ضروری ہیں۔ نووارد طلباء کے لیے تعارفی سیشن میں شرکت میرے لیے اہم تھی کیونکہ انہوں نے مجھے اپنی ڈیوائس میں موجود رسائی کی خصوصیات اور تعلیمی رہنمائی حاصل کرنے کے طریقہ کار کے بارے میں سکھایا۔

یہ اچھی بات ہے کہ آپ اب ان باتوں کے بارے میں جان رہے ہیں۔ نیک تمنائیں!

J.
کالج آف ماؤنٹ سینٹ ونسنٹ

کالج میں داخلے کے بارے میں سوچ رہے ہیں؟ میں آپ کے لیے بےحد خوش ہوں! جب میں نے پہلی دفعہ کالج شروع کیا تھا تو میں پُرجوش بھی تھا اور پریشان بھی۔ مالی معاونت کے معاملات کو سمجھنا مشکل تھا، مگر یہ جان لینا کہ میرے لیے کون سے مالی امداد کے اختیارات دستیاب ہیں، واقعی مددگار رہا۔ معذور طالبعلم ہونے کے ناطے میرے لیے یہ جاننا بہت اہم رہا تھا کہ میرے حقوق کیا ہیں اور میری اس معاونت تک رسائی ہو جو کامیاب ہونے میں مدد دے۔ کالج میں داخلے کی درخواست دینے سے لے کر داخل ہو جانے تک کے دوران بہت سے کام کرنے ہوتے ہیں اور ان کا ریکارڈ بھی رکھنا ہوتا ہے۔ معاونتوں کا فائدہ اٹھائیں، اپنے حقوق کو سمجھیں اور جانیں کہ اپنی معذوری کا انکشاف کب کیا جائے۔ آپ یہ کر سکتے ہیں!

P.
سٹی کالج، CUNY

تعارف

ہائی اسکول کے بعد کی زندگی میں منتقلی کے لیے منصوبہ بندی جہاں خوشی کا باعث ہو سکتی ہے وہاں بعض اوقات خوفزدہ بھی کر سکتی ہے۔ لیکن اصل بات یہ ہے کہ ایک وقت میں ایک قدم اٹھایا جائے اور ان وسائل کے بارے میں سیکھا جائے جو آپ کی مدد کے لیے دستیاب ہیں۔





چاہے کوئی طالبعلم معذوری کا شکار ہو یا نہ ہو، انہیں یہ معلومات درکار ہوتی ہیں کہ وہ کالجز کیسے تلاش کیے جائیں جو ان کے لیے موزوں ہوں۔ انہیں داخلے لینے کے لیے درخواست دینے اور مالی امداد، اندراج اور کالج میں کامیابی کے بارے میں معلومات بھی درکار ہوتی ہیں۔ اگر آپ کو کوئی معذوری ہے تو کچھ مخصوص اقدامات ایسے بھی ہیں جن پر غور کرنا چاہیئے۔ **یہ وسیلہ جاتی گائیڈ آپ، IEPs یا 504 منصوبوں کے حامل ہائی اسکول کے طلباء کے لیے ہے۔** کالج کے لیے تیاری کے سلسلے میں اسے اپنے خاندان، مشاورت کاران، کیس مینیجرز اور دیگر معاون افراد کے ساتھ استعمال کریں۔

اس گائیڈ کو استعمال کرنے سے متعلق اہم نکات!

- ایک **معذوری** کوئی بھی جسمانی، نشوونمائی، ادراکی، ذہنی، جذباتی یا سیکھنے کی معذوری ہو سکتی ہے۔ تمام معذوریاں دکھائی نہیں دیتیں۔ کچھ معذور طلباء کو اپنی معذوری سے متعلقہ زیادہ معاونت درکار ہوتی ہے، جبکہ کچھ کو کم۔ زیادہ تر معذوریاں مستقل ہوتی ہیں، جبکہ کچھ عارضی ہوتی ہیں۔ تمام معذور طلباء کو قانونی حقوق اور ذمہ داریوں اور ان کے لیے دستیاب معاونت کے بارے میں جاننا چاہیئے۔
- اس وسیلہ جاتی گائیڈ میں لفظ **کالج کسی بھی اعلیٰ تعلیمی ادارے (IHE)** کا حوالہ دینے کے لیے استعمال کیا گیا ہے۔ اس میں کالج یا یونیورسٹی شامل ہو سکتی ہے اور سرٹیفیکیٹس، ایسوسی ایٹ ڈگری یا بیچلرز ڈگری کے حصول کے پروگرامز شامل ہو سکتے ہیں۔

فہرستِ مشمولات

1 اپنے حقوق سے آگاہ ہوں۔ . . . . . صفحہ 2

- معذور افراد کی تعلیم کا ایکٹ (IDEA)
- معذور امریکیوں کا ایکٹ (ADA)
- ہائی اسکول اور کالج کے قانونی حقوق میں فرق

2 ہائی اسکول کے دوران کالج کی تیاری۔ . . . . . صفحہ 6

- منتقلی کی منصوبہ بندی
- خود ارادیت
- ذاتی وکالت
- کریئر کی تلاش
- زندگی کی مہارتیں

3 کالج میں درخواست دینا . . . . . صفحہ 12

- کالج کے مختلف اختیارات
- کالج کے لیے اپنی خواہشات و ضروریات کا جائزہ لینا
- ایسے کالج تلاش کرنا جو آپ کی خواہشات و ضروریات کے لیے مناسب ہوں: اپنی فہرست تیار کریں
- خصوصی پروگرامز
- کالج کی درخواستیں
- آپ کی معذوری سے متعلقہ سفارشات

4 کالج کے لیے ادائیگی۔ . . . . . صفحہ 16

- کالج کے اخراجات
- مالی امداد کی اقسام
- اسکالرشپس سمیت مالی امداد کے لیے درخواست دینا
- مالی امداد سے متعلق معذوری کے عوامل
- اس بارے میں مالی فیصلہ کرنا کہ آپ کس کالج میں داخلہ لینا چاہیں گے

5 کالج میں سہولیات. . . . . صفحہ 20

- آپ کا IEP کالج میں لاگو نہیں ہوتا
- کالج کی سہولیات
- یہ تعین کرنا کہ آپ کو کون سی سہولیات درکار ہیں
- سہولیات کی درخواست کرنا
- خاندانی تعلیمی حقوق اور رازداری کا ایکٹ (FERPA)
- میڈیکل ریلیز اور ہیلتھ پراکسی

6 اضافی وسائل . . . . . صفحہ 27

- SUNY اور CUNY میں رسائی کی خدمات کے دفتر تلاش کرنے کی ڈائریکٹریز
- معذوری کے حقوق و خدمات سے متعلق معلومات
- منتقلی کی منصوبہ بندی، کالج میں داخلے اور مالی امداد کے لیے معاونتیں



1 اپنے حقوق جانیں

اس باب کے بنیادی تصورات

- معذور افراد کی تعلیم کا ایکٹ (IDEA)
- معذور امریکیوں کا ایکٹ (ADA)
- ہائی اسکول اور کالج کے قانونی حقوق میں فرق

آپ کی تعلیم سے متعلق کچھ ایسے قانونی حقوق ہیں کہ جنہیں آپ کو سمجھنا چاہیئے تاکہ آپ ان سے بطور طالبعلم مکمل طور پر فائدہ اٹھا سکیں۔ تاہم ہائی اسکول میں آپ پر لاگو ہونے والے قوانین اور اُن قوانین کے مابین اہم فرق موجود ہیں جو کالج میں لاگو ہوتے ہیں۔

ہائی اسکول کے حقوق

معذور افراد کی تعلیم کا ایکٹ (IDEA) ایک ایسا وفاقی قانون ہے جس میں درج ہے کہ معذور بچے اور نوجوان "مفت اور مناسب عوامی تعلیم" کے حقدار ہیں جب تک کہ طالبعلم ہائی اسکول سے گریجویٹ ہو کر 21 سال کا نہ ہو جائے۔* IDEA کے تحت سرکاری اسکولوں سے درکار ہے کہ وہ خصوصی تعلیم اور متعلقہ خدمات مہیا کریں تاکہ طلباء کی کامیابی میں معاونت ملے۔ انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP) میں بیان کردہ ان خدمات کا انحصار آپ کی ضروریات پر ہے تاکہ آپ کو تعلیمی اہداف تک پہنچنے میں مدد دی جا سکے۔

IEP ایک قانونی دستاویز ہے جو کہ:

- آپ کے لیے منفرد ہے۔
- ہر سال کم از کم ایک بار اپ ڈیٹ کی جاتی ہے۔
- اس میں اہداف اور معاونتی ضروریات کے ساتھ ساتھ آپ کی صلاحیتیں اور پیش رفت بھی شامل ہوتی ہے۔
- ان پروگراموں، خدمات اور سہولیات کی تجویز دیتی ہے جو آپ کی کامیابی میں معاونت دیں گی جیسا کہ معاون ٹیکنالوجی یا ٹیسٹ دینے کا طویل وقت۔

ایک ہائی اسکول کے طالبعلم کی حیثیت سے، آپ کو اپنی IEP میٹنگز میں درج ذیل کے بارے میں بات کرنے کے لیے شرکت کرنی چاہیئے:

- ہائی اسکول کے لیے آپ کے اہداف
- بعد از ہائی اسکول کے لیے آپ کے اہداف
- آپ کے لیے کارآمد معاونتیں
- آپ کی پیش رفت اور کوئی بھی مشکلات

اپنے آخری تعلیمی سال میں، آپ ایک اختتامی خلاصے کی تشکیل میں شرکت کریں گے جس میں آپ کی صلاحیتوں، کامیابیوں، معاونتی ضروریات اور اگلے اقدامات کے لیے سفارشات کا خلاصہ ہو گا۔

کالج کے حقوق

ہائی اسکول چھوڑ دینے کے بعد، IDEA آپ پر مزید لاگو نہیں ہو گا۔ تاہم شہری حقوق موجود ہیں مثلاً، **معذور امریکیوں کا ایکٹ (ADA)** اور 1973 بحالی ایکٹ کا سیکشن 504، جو معذوری کی بنیاد پر امتیاز کے خلاف تحفظات مہیا کرتے ہیں۔ کالج میں، اس سے مراد ہے کہ طلباء کے پاس *معقول سہولیات* کا حق موجود ہو تاکہ یقینی بنایا جا سکے کہ وہ کالج کی زندگی کے تمام پہلوؤں میں مکمل طور پر شرکت کر سکیں۔

مناسب سہولیات وہ تبدیلیاں ہوتی ہیں جو ایک معذور طالبعلم کے کالج کی سرگرمیوں تک مساوی رسائی رکھنے کو یقینی بناتی ہیں۔ اس سے مراد کالج کے کورسز، کیمپس میں رہائش (ہوسٹل کا کمرہ)، ساتھ ہی کلبز اور طلباء کی تنظیموں میں شرکت ہے۔

ADA کے تحت کالجوں سے درکار ہے کہ وہ *معقول سہولیات* مہیا کریں تاکہ کورسز اور کالج کی دیگر سرگرمیوں تک مکمل رسائی کو یقینی بنایا جا سکے۔

آپ کو سہولیات کے لیے درخواست کرنا ہو گی— یہ ازخود نہیں مل جاتیں۔ **کالج کے طالبعلم کی حیثیت سے آپ کو اپنی معذوری کا انکشاف کر کے عمل خود شروع کرنے کی ضرورت ہو گی اور سہولیات کی درخواست کرنا ہو گی۔** باب نمبر 5 میں سہولیات کی درخواست کرنے کے بارے میں مزید معلومات شامل ہیں۔



آپ کو سہولیات کے لیے درخواست کرنا ہو گی— یہ ازخود نہیں مل جاتیں۔

آپ کے حقوق: ہائی اسکول اور کالج کے درمیان بنیادی فرق		
زمرہ بندیاں	IDEA (پری K تا 12)	ADA (کالج)
قانونی حقوق	مفت اور مناسب عوامی تعلیم	رسائی کو یقینی بناتا ہے۔ معذوری کی بنیاد پر امتیاز کی ممانعت کرتا ہے، کالج میں شرکت کی راہ میں حائل رکاوٹوں کو دور کرتا ہے
کون اس میں شامل ہے	کوئی بھی معذور فرد، عمر 3 تا 21 سال* (یا ہائی اسکول کی تعلیم کے مکمل ہونے تک)	کوئی بھی فرد جو کالج میں شرکت کے لیے اہل ہو اور ایسی معذوری کا حامل ہو جو اس کالج میں شرکت کو متاثر کرتا ہو
معذوری کی شناخت اور جائزے کی فراہمی	اسکولوں اور ڈسٹرکٹس سے تقاضا کیا جاتا ہے کہ وہ ایسے طالبعلم کی نشاندہی کریں جس میں کوئی ممکنہ معذوری ہو اور ایک جائزہ پیش کریں تاکہ تعین کیا جا سکے کہ آیا طالبعلم IDEA کے تحت اہل معذوری کا شکار ہے۔	کالج اس بات کے پابند نہیں ہیں کہ وہ طلباء کی نشاندہی کریں یا جائزہ لیں۔ طلباء کو ازخود ظاہر کرنا ہو گا کہ وہ کسی معذوری کا شکار ہیں اور سہولیات کی درخواست بھی خود ہی کرنی ہو گی۔
خاندان/والدین کا کردار	والدین IEP کے عمل میں مکمل طور پر شامل ہیں۔	کالج کے طلباء کو خودمختار بالغ افراد سمجھا جاتا ہے؛ کالج کی جانب سے والدین سے مشورہ نہیں کیا جاتا نہ ہی معلومات مہیا کی جاتی ہیں (ماسوائے کہ طالبعلم تحریری رضامندی مہیا کرے)۔
خدمات اور سہولیات کے بارے میں فیصلہ سازی کا عمل	IEP ٹیم پیش رفت، ضروریات، اہداف اور خدمات کا جائزہ لینے کے لیے کم از کم سال میں ایک بار ملاقات کرتی ہے؛ IEP ٹیم میں اسکول کے ماہرین کے ساتھ ساتھ والدین اور طالبعلم بھی شامل ہوتے ہیں۔	کالج کے طلباء کو سہولیات کے لیے خود درخواست دینی ہوتی ہے؛ کالج ایسی سہولیات مہیا کرنے کا پابند نہیں جو "معقول" نہ سمجھی جائیں؛ طالبعلم، عملہ اور فیکلٹی منصوبہ تیار کرنے کے لیے مل جل کر کام کرتے ہیں۔

آپ کے حقوق: ہائی اسکول اور کالج کے درمیان بنیادی فرق		
زمرہ بندیاں	IDEA (پری K تا 12)	ADA (کالج)
خدمات اور ڈیوائسز کی فراہمی	اسکول اُن سہولیات کی فراہمی کے پابند ہوتے ہیں جو ضروری سمجھی جائیں اور IEP میں درج ہوں۔	کالجوں پر یہ لازم نہیں ہوتا کہ وہ خدمات (جیسا کہ تھیراپی، ٹیوشن، کوچنگ) یا ڈیوائسز (جیسا کہ وہیل چیئرز، اسپیچ ٹو ٹیکسٹ ڈیوائسز اور الیکٹرونک ریڈرز) فراہم کریں۔ *نوٹ فرمائیں: ہو سکتا ہے کہ آپ ان ڈیوائسز کے لیے ہیلتھ انشورنس اور معذوری سے متعلق خدمات کے نظام جیسا کہ ACCES-VR کی جانب سے فنڈز حاصل کرنے کے قابل ہوں۔*

* NYC میں، ایک معذور طالبعلم جس نے ابھی تک ریاست نیو یارک کا تسلیم شدہ ڈپلوما حاصل نہ کیا ہو وہ اس وقت تک نیو یارک سٹی پبلک اسکولز میں داخلہ جاری رکھ سکتا ہے اور خصوصی تعلیمی خدمات حاصل کر سکتا ہے جب تک کہ اس تعلیمی سال کا اختتام (30 جون) نہ ہو جس میں وہ 22 سال کا ہو جائے۔

2 ہائی اسکول میں تعلیم کے دوران کالج کی تیاری

اس باب کے بنیادی تصورات

- منتقلی کی منصوبہ بندی
- خود ارادیت
- ذاتی وکالت
- کریئر کی تلاش
- زندگی کی مہارتیں

کالج اور بلوغت کی تیاری کے لیے ہائی اسکول میں اپنانے کے اہم اقدامات موجود ہیں۔ تعلیم کا ایک اہم مقصد یہ ہے کہ آپ کو خود ارادیت میں مدد دی جائے۔ اس سے مراد ہے کہ اپنی زندگی کے اہداف آپ خود طے کرتے ہیں اور فیصلے بھی خود کرتے ہیں۔ خود ارادیت کا مطلب مختلف لوگوں کے لیے مختلف ہوتا ہے، لیکن اصل مقصد آپ کو اپنی ذات کے لیے فیصلے کرنے کے قابل بنانا ہے۔



ہائی اسکول کے بعد کی زندگی کے لیے اہداف قائم کرنے اور قدم بہ قدم اقدامات اپنانے کا عمل ہی منتقلی کی منصوبہ بندی کہلاتا ہے۔ **ہر ایک کو منتقلی کی منصوبہ بندی کے سلسلے میں مدد درکار ہے—یہ اپنے خاندان، اساتذہ، مشاورت کاران اور ساتھیوں کے ساتھ اپنا منصوبہ تیار کرنے کے لیے کام کرنے کے عمل کا حصہ ہے۔** منتقلی کی منصوبہ بندی میں آپ کی صلاحیتوں، ضرورتوں، مہارتوں اور مستقبل کی ملازمتوں، تعلیم اور خودمختار زندگی بسر کرنے سے متعلق دلچسپیوں کا سالانہ جائزہ لینا شامل ہے۔ سالانہ IEP میٹنگز ایک اہم موقع ہیں جس میں آپ ان معلومات کا جائزہ لے سکتے ہیں اور یہ کہ آپ کی IEP ٹیم فی الوقت آپ کو مستقبل کے لیے کیسی مدد فراہم کر رہی ہے۔ یہ ٹائم لائن آپ کو اپنے اقدام طے کرنے میں مدد دے سکتی ہے۔

کالج کی تیاری کے لیے اہم اقدامات		وقت
گریجویشن کے تقاضوں کو پورا کرنے کے لیے اپنی پیش رفت کی نگرانی کریں	■ ڈپلوما کے حصول کا جائزہ ڈپلوما کے تقاضوں کی ورک شیٹ کا استعمال کرتے ہوئے لیں۔ ■ معذور طلباء کے لیے اضافی اختیارات کے بارے میں جانیں۔ ■ اپنے رہنما مشاورت کار سے امتحان کے تقاضوں اور اپنے دیگر ممکنہ سوالات کے بارے میں بات چیت کریں۔ ■ ڈپلوما اور گریجویشن کی پیش رفت کے بارے میں سالانہ IEP میٹنگز میں بات چیت کریں۔	**گریڈ 9 سے گریڈ 12 تک**
اپنے کریئر سے متعلق دلچسپیاں دریافت کریں	■ کریئر کی تلاش کے ٹولز، بشمول منتقلی کی منصوبہ بندی کے جائزوں کا استعمال کریں تاکہ جان سکیں کہ کون سی اقسام کے کریئرز آپ کی دلچسپیوں اور صلاحیتوں سے مطابقت رکھتے ہیں۔ ■ کریئر کے اختیارات کے بارے میں اپنے اہداف، خوابوں اور سوالات پر بات چیت کرنے کے لیے اپنی IEP میٹنگ کا استعمال کریں۔ ■ انٹرن شپس اور موسم گرما کی (تعطیلات میں) ملازمتوں کے لیے درخواست دیں تاکہ کام کی جگہوں کے بارے میں مزید جان سکیں۔ ■ تحقیق کریں کہ کیسے کالج آپ کی کریئر کی دلچسپیوں سے متعلقہ ہیں۔	**گریڈ 9 سے گریڈ 12 تک**


کالج کی تیاری کے لیے اہم اقدامات		وقت
ACCES-VR اور خدمات کی دیگر ایجنسیوں کے لیے درخواست دینا	■ ACCES-VR کی جانب سے مہیا کردہ خدمات کے بارے میں جانیں جو کریئر کی بہتری اور مستقبل کی ملازمت میں معاونت دیں۔ ■ اگر مناسب ہو تو (ترجیحاً گریڈ 11 میں) ACCES-VR کے لیے درخواست دیں ■ نشوونمائی معذوریوں کے حامل افراد کے دفتر (OPWDD) کے بارے جانیں، اگر مناسب ہو تو جتنا جلدی ہو سکے خدمات کے لیے درخواست دیں۔ ■ خودمختار زندگی کے مراکز (ILC) کے بارے میں جانیں، اگر مناسب ہو تو اپنے مقامی ILC سے رابطہ کریں۔ ■ دیگر ایجنسیوں بشمول ریاست نیو یارک کے نابینا افراد کے لیے کمیشن کے بارے میں جانیں، اگر یہ آپ کی ضروریات کے مطابق ہے۔	**گریڈ 9 سے گریڈ 12 تک**
کالجوں سے متعلق تحقیق کریں	■ کالجوں اور یونیورسٹیوں کی اقسام اور ان کے پیش کردہ پروگراموں کے بارے میں جانیں۔ ■ کالج ریسرچ ٹولز کا استعمال کریں تاکہ آپ کے لیے موزوں کالجز تلاش کیے جا سکیں۔ اپنے اسکول کے مشاورت کار سے وسائل (بشمول معذور طلباء کے لیے کالج کے تجربے سے متعلقہ نان ڈگری پروگرامز) کے بارے میں معلوم کریں۔ ■ داخلوں کے ٹیسٹس کے بارے میں جانیں جیسا کہ SAT، جو شاید آپ کو دینا پڑے۔ ضرورت پڑنے پر سہولیات (مثلاً: اضافی وقت) کی درخواست کریں۔ ■ گریڈ 11 میں، ان اسکولوں کی ایک فہرست بنانا شروع کریں جو آپ کو پسند ہیں۔ ■ اپنی دلچسپیوں، ضروریات اور منصوبوں کے بارے میں اپنے خاندان سے بات چیت کریں۔ ■ کالج میں درخواست دینے کا اپنا منصوبہ بنائیں جس میں تمام ضروری اقدامات شامل ہوں تاکہ آپ مقررہ تاریخ کے مطابق کام کر سکیں۔	**گریڈ 9 سے 12 تک، بالخصوص گریڈ 11**

کالج کی تیاری کے لیے اہم اقدامات		وقت
یقینی بنائیں کہ آپ کے پاس تازہ ترین جائزہ موجود ہو	■ یقینی بنائیں کہ آپ کا آخری لازمی تین سالہ دوبارہ جائزہ (ترجیحاً ہائی اسکول کے آخری سال میں) مکمل کیا جائے، کیونکہ کالج میں سہولیات کی درخواست دیتے وقت تازہ ترین جائزہ درکار ہو گا۔	**گریڈ 11 اور گریڈ 12**
اپنا اختتامی خلاصہ مکمل کرنے میں حصہ لیں	■ اپنا اختتامی خلاصہ مکمل کرنے کے لیے اپنی IEP ٹیم کے ساتھ کام کریں۔ اپنے چیلنجز اور کامیابیوں سمیت منصوبے کے اگلے اقدامات پر غور کرنے کے لیے تجربات کا استعمال کریں۔	**گریڈ 12**
سہولیات کے حصول کے لیے آپ کو درکار دستاویزات جمع کروائیں	■ آپ کو سہولیات کی درخواست کرنے کے ضمن میں اپنے سب سے حالیہ جائزوں، IEP اور اختتامی خلاصے (یا دیگر متعلقہ دستاویزات) کی نقول درکار ہوں گی۔ ان دستاویزات کا ایک فولڈر بنا کر رکھیں تاکہ آپ انہیں کالج کے رسائی کے دفتر میں جمع کروانے کے لیے تیار رہیں۔ ■ ان دستاویزات کی اپنے من پسند کالج کے ساتھ الیکٹرونک شیئرنگ کے بارے میں اپنے اسکول سے معلوم کریں۔ اپنی IEP میٹنگ کے دوران اس اختیار کے بارے میں بات چیت کریں۔	**گریڈ 12**
نگہداشت صحت سے متعلق دستاویزات اکٹھی کریں	■ کالجوں کو آپ کی ویکسینیشن کے ریکارڈز درکار ہو سکتے ہیں، لہٰذا اپنے ڈاکٹر کے ساتھ ان کا بندوبست کریں تاکہ انہیں مناسب وقت پر ارسال کیا جا سکے۔ ■ اپنے خاندان کے ساتھ میڈیکل ریلیز یا ہیلتھ پراکسی کی ضرورت پر بات چیت کریں۔ اگر آپ کو کوئی ایمرجنسی درپیش ہو یا نگہداشت صحت کے سلسلے میں مدد چاہیئے تو ان دستاویزات کی بدولت کسی قابل اعتماد فرد کو یہ اختیار ملتا ہے کہ وہ آپ کی جانب سے طبی ماہرین کے ساتھ بات چیت کر سکے۔	**گریڈ 12**

اپنی مہارتیں قائم کریں

ہائی اسکول کے بعد کی زندگی کے لیے منصوبہ بندی کے جزو کے طور پر ایسی **مہارتیں** قائم کرنی ہیں جو اس سفر میں آپ کی رہنمائی کریں گی۔ آپ ساری زندگی مہارتیں قائم کرتے رہتے ہیں اور ہائی اسکول کا وقت ان کی بڑی حد تک ترقی اور نکھار کا دور ہوتا ہے۔

ہائی اسکول میں قائم ہونے والی اہم مہارتیں	
ذاتی وکالت کی مہارتیں	کوئی بھی فرد آپ کو ایسے نہیں جانتا، جیسے کہ آپ اپنی ذات سے خود واقف ہوتے ہیں۔ کالج میں، آپ کو اپنی ضروریات کے لیے آواز اٹھانے کی ضرورت ہو گی۔ آپ کو سہولیات کی درخواست کرنا ہو گی اور اپنی سہولت کے منصوبے پر کالج کی فیکلٹی اور عملے سے بات چیت کرنا ہو گی۔ اگر آپ کو اپنے سہولت کے منصوبے سے متعلق مشکلات درپیش ہیں تو، آپ کو اپنے انسٹرکٹرز اور کالج کے عملے سے بات چیت کرنے کی ضرورت ہو گی۔ ایسی مہارتیں اور اعتماد قائم کرنا جس سے آپ اپنی ذات کے لیے آواز اٹھا سکیں، کالج اور اس کے بعد کی کامیابی کے لیے اہم ہیں۔
ذاتی آگاہی	اپنے بارے میں جانیں، آپ کو کیا پسند ہے کیا نہیں پسند، اس بات پر خاص توجہ دیں کہ آپ کیا کام ٹھیک سے کر سکتے ہیں اور کن حالات میں آپ انتہائی کامیاب ہیں۔ غور کریں کہ تعلیمی حالات میں کون سی معاونتیں آپ کے لیے مددگار ہیں۔ کالج میں، آپ کی خود آگاہی آپ کو یہ جاننے میں مدد دے گی کہ کون سی سہولیات کی درخواست کرنی ہے، نیز یہ آپ کو مسائل حل کرنے میں بھی مدد دیتی ہے۔
خود مختار زندگی کی مہارتیں	زندگی کی مہارتیں قائم کریں جیسا کہ اکیلے سفر کرنا، پیسوں کا بندوبست کرنا، مالی فیصلہ سازی، اپنی ادویات کا نظم کرنا، اپنے کپڑے دھونا اور اپنے کھانوں کی منصوبہ بندی کرنا۔ کالج میں، آپ کو زیادہ خودمختاری حاصل ہوتی ہے اور آپ اپنی تعلیم، اپنے کریئر اور اس کے بعد کی کامیابی میں معاونت کے لیے ان مہارتوں کا استعمال کریں گے۔
تنظیمی مہارتیں	اپنے وقت کے نظم، منصوبہ بندی اور فیصلہ سازی کی مہارتوں کو مضبوط بنائیں تاکہ آپ کو کالج کے کورسز اور کیمپس کی دیگر سرگرمیوں کا انتظام کرنے میں مدد ملے۔



منتقلی کی منصوبہ بندی، کالج کی تیاری اور کالج کی درخواست کے سلسلے میں مدد

نیو یارک سٹی پبلک اسکولز اور اس کے علاوہ بھی بہت سے ایسے افراد اور پروگرام موجود ہیں جو آپ کو ان اقدامات کا نظم کرنے میں مدد دیتے ہیں اور ہائی اسکول سے بعد از ہائی اسکول کی زندگی میں آپ کی منتقلی کے لیے منصوبہ تیار کرتے ہیں۔ آپ کی معاونتوں میں شامل ہیں:

- رہنما مشاورت کاران
- کالج اور کریئر کے مشاورت کاران
- سماجی کارکنان
- کیس مینیجرز
- منتقلی کے کوآرڈینیٹرز اور منتقلی کے ٹیم لیڈرز
- IEP ٹیمز
- اساتذہ اور اسکول کے منتظمین
- **منتقلی اور کالج تک رسائی کے مراکز (TCAC)** میں بعد از ثانوی تعلیم میں شمولیت کے مینیجرز اور دیگر عملہ

آپ مزید معلومات اور معاونت کہاں تلاش کر سکتے ہیں؟

بعد از ہائی اسکول اگلے اقدامات کے لیے منصوبہ بندی میں مدد دینے کے لیے متعدد ٹولز اور مواد دستیاب ہیں۔ ذیل میں NYCPS کے کچھ اہم منصوبہ بندی وسائل موجود ہیں۔

- بعد از ہائی اسکول
- خاندانی گائیڈ برائے منتقلی کی منصوبہ بندی
- معذور طلباء کے لیے منتقلی کی منصوبہ بندی کی گائیڈ
- کالج اور کریئر کی منصوبہ بندی

3 کالج میں درخواست دینا

اس باب کے بنیادی تصورات

- کالج کے مختلف اختیارات
- کالج کے لیے اپنی خواہشات و ضروریات کا جائزہ لینا
- ایسے کالج تلاش کرنا جو آپ کی خواہشات و ضروریات کے لیے مناسب ہوں: اپنی فہرست تیار کریں
- خصوصی پروگرامز
- کالج کی درخواستیں
- آپ کی معذوری سے متعلقہ سفارشات

بعد از ہائی اسکول تعلیم اور تربیت کے لیے کالج پر مبنی متعدد اقسام کے اختیارات موجود ہیں۔

تعلیمی پروگرام کی زمرہ بندیاں	پروگرام مکمل ہونے پر آپ کو کیا ملے گا	مثالیں
تعلیمی سرٹیفکیٹس	■ مخصوص کورسز مکمل کرنے پر اسناد جیسا کہ کالج کی جانب سے بتایا گیا ہے۔ ■ مخصوص ملازمتوں کے لیے طلباء کو قابل بنانے پر مرکوز ہے۔ ■ وقت کا دورانیہ مختلف ہوتا ہے، عموماً ڈگری پروگراموں سے کم مدت ہوتی ہے۔	آٹوموٹیو ٹیکنالوجی، کمپیوٹر پروگرامنگ، ارلی چائلڈہُڈ اسسٹنٹ، میڈیکل کوڈنگ، فارمیسی ٹیکنیشیئن، میڈیکل اسسٹنٹ، ویب ڈیولپر

تعلیمی پروگرام کی زمرہ بندیاں	پروگرام مکمل ہونے پر آپ کو کیا ملے گا	مثالیں
ایسوسی ایٹ ڈگری	■ تعلیم کے ایک مخصوص پروگرام کی کامیاب تکمیل پر یہ ڈگری تفویض کی جاتی ہے۔ ■ عموماً دو سالوں میں مکمل ہوتی ہے۔ ■ ایسوسی ایٹس آف اپلائیڈ آرٹس (AAA) یا اپلائیڈ سائنس (AAS) عموماً افرادی قوت میں براہ راست داخلے کے لیے ہوتے ہیں اور ان کے لیے بیچلر پروگراموں میں منتقلی کی ضرورت نہیں پڑتی۔ ■ ایسوسی ایٹ آف آرٹس یا ایسوسی ایٹ آف سائنس ڈگریاں بیچلر ڈگری حاصل کرنے کا ایک راستہ ہو سکتی ہیں۔	اکاؤنٹنگ، چائلڈہُڈ ایجوکیشن، کمپیوٹر ٹیکنالوجی، کریمنل جسٹس، لبرل آرٹس، نرسنگ اور سائیکالوجی میں ایسوسی ایٹ آف آرٹس یا سائنس ڈینٹل ہائیجین، میڈیکل ریکارڈز ٹیکنالوجی، ریسپائریٹری تھیراپی میں ایسوسی ایٹ ڈگری آف اپلائیڈ آرٹس اینڈ سائنس
بیچلرز ڈگری	■ تعلیم کے ایک مخصوص کورس کی کامیاب تکمیل پر ڈگری تفویض کی جاتی ہے۔ ■ کورس عموماً چار سالوں میں مکمل ہوتا ہے۔	انتھروپولوجی، ایجوکیشن، فائن آرٹس، انگلش، ہسٹری اور جرنلزم میں بیچلرز آف آرٹس اکاؤنٹنگ، بیالوجی، بائیومیڈیکل انجینئرنگ، بزنس، میتھ، مارکیٹنگ اور فزکس میں بیچلرز آف سائنس
نان کریڈٹ اسناد	■ ایک ایسی سند جو کریئر کی ترقی پر مرکوز ہوتی ہے اور ملازمت میں کامیاب منتقلی کے لیے ضروری تعلیمی بنیاد فراہم کرتی ہے۔ ■ یہ ادراکی معذوریوں کے حامل طلباء کے لیے کالج کے تجربے تک رسائی بڑھاتی ہے۔	تعلیمی اور کریئر سے متعلقہ تعلیم میں CUNY کی لاتعداد اسناد

اپنے کالج کی فہرست تیار کریں

آپ کو کالج اور کریئر کی ترقی کے لیے اپنی دلچسپیوں، خواہشات اور ضروریات کو زیر غور لانا ہو گا۔ پھر آپ ایسے کالجوں کو تلاش کے لیے تحقیق کرنے کے قابل ہوں گے جو آپ کی دلچسپیوں اور ضروریات پر پورا اترتا ہو۔

اپنی تحقیق کے بعد، ان کالجوں کی ایک فہرست تیار کریں جن میں آپ درخواست دیں گے۔ یاد رکھیں کہ اس فہرست میں ایسے اسکول شامل ہونے چاہیئیں جہاں (آپ کی پروفائل اور ان کے داخلے کے معیار کی بنیاد پر) داخلہ ملنا زیادہ مشکل ہو اور کچھ ایسے بھی جہاں داخلہ ملنا نسبتاً آسان ہو۔ یقینی بنائیں کہ آپ کے پاس بہت اچھے اختیارات موجود ہوں۔

کالج کی درخواستیں مکمل کرنا

ہر کالج میں درخواست کی ہدایات کا جائزہ لیں تاکہ آپ ضروری اقدامات کی شناخت کر سکیں، جن میں داخلہ امتحانات جیسے SAT دینا، اساتذہ سے سفارش نامے حاصل کرنا، اور ذاتی بیان یا مضمون لکھنا شامل ہو سکتا ہے۔

کالج ایڈوائزر یا رہنما مشاورت کاران کے ساتھ مشورہ کریں تاکہ دیکھا جا سکے کہ آیا آپ کالج کی درخواستوں کے لیے **فیس معافی** کے اہل ہیں۔

خصوصی پروگرامز

کالج میں، اکثر خصوصی پروگرامز موجود ہوتے ہیں تاکہ طلباء کو کامیاب ہونے میں معاونت دی جا سکے۔ جانیں کہ آیا ایسے پروگرامز موجود ہیں جو آپ کے لیے بہت موزوں ہو سکتے ہیں اور ان کے لیے کیسے درخواست دی جائے۔ اکثر میں آپ کو کالج کی درخواست کا ایک خصوصی سیکشن مکمل کرنے کی ضرورت ہو گی۔ پروگراموں کی کچھ مثالوں میں درج ذیل شامل ہیں:

- Higher Education Opportunity Program (اعلیٰ تعلیم کے مواقع کا پروگرام)
- Educational Opportunity Program (تعلیمی مواقع پروگرام)
- CUNY SEEK & CUNY College Discovery (CUNY SEEK اور CUNY کالج ڈسکوری)
- CUNY ASAP
- CUNY LEADS

اپنی معذوری سے متعلقہ ضروریات کو یاد رکھیں

جب آپ کالج کی منصوبہ بندی کرتے ہیں تو اپنی معذوری سے متعلقہ انفرادی ضروریات کی شناخت کریں۔ یہ سمجھنے کے لیے کہ کن کالجوں میں آپ کی ضروریات بہتر طریقے سے پوری ہو سکتی ہیں، کچھ اقدامات اپنانے اور سوالات پوچھنے کی ضرورت ہے۔

تحقیق

- زیر غور لائے جانے والے ہر کالج میں معذور طلباء کی معاونت کرنے والے دفتر کا نام معلوم کریں۔ آپ اس کی نشاندہی کے لیے آن لائن تلاش کر سکتے ہیں۔ کچھ کالجوں میں ایسے نام استعمال ہوں گے جیسا کہ Office of Disability Services (معذوری کی خدمات کا دفتر)، دیگر کالجوں میں اسے Center for Accessibility (رسائی کا مرکز) یا اس سے ملتے جلتے ناموں سے پکارا جاتا ہے۔
- اس بات پر غور کریں کہ آپ کی مخصوص ضروریات کے لیے ایک کالج کتنا قابلِ رسائی ہے۔ رسائی کی خدمات کے دفتر کو کال کر کے سوالات پوچھیں۔
- کالجوں کی ویب سائٹ دیکھتے رہیں۔ طلباء سہولیات کی درخواست کیسے کر سکتے ہیں، اس سے متعلقہ پالیسیوں اور طریقہ کاروں کے بارے میں جانیں۔
- کالجوں کا دورہ کریں اور رسائی کی خدمات کے دفاتر میں کسی فرد سے پیشگی ملاقات کا منصوبہ بنائیں۔ پوچھیں کہ طلباء سہولیات کی درخواست کیسے کر سکتے ہیں اور یہ کہ کس قسم کی سہولیات و معاونتی خدمات دستیاب ہیں۔

رسائی کی خدمات کے دفتر سے پوچھنے کے لیے سوالات

- ☐ اس کالج میں کسی سہولت کی درخواست کرنے کا طریقہ کار کیا ہے؟
- ☐ کیا تمام طلباء کے لیے دیگر معاونتی خدمات (جیسا کہ ٹیوشن) دستیاب ہیں؟
- ☐ کیا اضافی معاونتی خدمات (جو ADA کے تحت نہیں ہیں) کی کوئی فیس ہے؟ اگر ایسا ہے تو، لاگت کیا ہے؟
- ☐ انہیں سہولیات کی اس قسم کے بارے میں بتائیں جو آپ سمجھتے ہیں کہ آپ کو درکار ہو گی۔ کیا یہ وہ سہولیات ہیں جو اسکول مہیا کرے گا؟
- ☐ مجھے اپنی معذوری کے ثبوت کے لیے کون سی دستاویزات پیش کرنے کی ضرورت ہو گی اور انہیں کتنا حالیہ ہونا چاہیئے؟

یاد رکھیں: ADA کے تحت سہولیات مفت ہونی چاہیئیں۔ تاہم کیمپس میں کچھ دیگر خدمات ہو سکتی ہیں جن کی فیس ہو گی۔

اپنے خاندان، اسکول کے مشاورت کاران اور دیگر معاون افراد کے ساتھ گفت و شنید

کالج میں داخلے کے لیے ٹیم ورک کی ضرورت ہوتی ہے! آپ کے پاس انتخاب کرنے کے مواقع ہیں اور تمام اقدامات مکمل کرنے کی ذمہ داری بھی آپ پر ہے۔ تاہم آپ کے پاس مددگار افراد بھی ہوتے ہیں۔ جو معاونتیں دستیاب ہیں ان کا استعمال کرنا ہی دانشمندانہ طریقہ ہے جس سے آپ وہاں پہنچ سکتے ہیں جہاں جانا چاہتے ہیں۔ کچھ اقدامات آپ کے خاندان اور اسکول کے مشاورت کاران کی جانب سے مکمل کرنے ہوں گے۔ یہ ضروری ہے کہ اپنے خاندان کے ساتھ بات چیت کریں تاکہ ایک منصوبے پر اتفاق کیا جائے اور وہ جان سکیں کہ آپ کی معاونت کے لیے کون سے اقدامات درکار ہیں۔

کالج میں درخواست دینے کے لیے ان تجاویز کو ملاحظہ کریں، تاکہ آپ کو کالج کی تحقیق اور درخواستوں میں مدد دی جا سکے۔

4 کالج کے لیے ادائیگی

اس باب کے بنیادی تصورات

- کالج کے اخراجات
- مالی امداد کی اقسام
- اسکالرشپس سمیت مالی امداد کے لیے درخواست دینا
- مالی امداد سے متعلق معذوری کے عوامل
- اس بارے میں مالی فیصلہ کرنا کہ آپ کس کالج میں داخلہ لینا چاہیں گے

کالج کے اخراجات

کالج کے اخراجات میں ٹیوشن، فیسیں، کتابیں اور دیگر سامان شامل ہیں اس کے ساتھ ہی رہائش، خوراک اور سفری اخراجات بھی شامل ہیں جو ملا کر **کل اخراجاتِ تعلیم (COA)** بنتے ہیں۔ اخراجات کی کچھ رقوم کالج کو براہ راست ادا کی جاتی ہیں۔ اخراجات کی کچھ رقوم کو "بلاواسطہ" تصور کیا جاتا ہے جن کے لیے آپ کو منصوبہ بندی کرنے کی ضرورت ہوتی ہے جیسا کہ سپلائیز اور کیمپس آنے جانے کا سفری خرچہ۔ بلاواسطہ اخراجات معذوری سے متعلقہ ضروریات کے لیے بھی ہو سکتے ہیں۔

کالج کے لیے مالی امداد

آپ اپنے COA کے تمام تر، زیادہ تر یا کچھ اخراجات کے لیے مالی امداد حاصل کر سکتے ہیں۔ زیادہ تر مالی امداد وفاقی حکومت، ریاستی حکومت اور کالجوں کی جانب سے ملتی ہے۔ مالی امداد میں درج ذیل شامل ہو سکتے ہیں:

- **گرانٹس اور اسکالرشپس**، جنہیں بعض اوقات "مفت رقوم" کہا جاتا ہے کیونکہ آپ نے انہیں واپس نہیں کرنا ہوتا۔
- **قرضے**، جنہیں آپ کو ہر حال میں واپس کرنا ہوتا ہے چاہے آپ نے کالج پروگرام مکمل کیا ہو یا نہیں۔
- **تعلیم کے ساتھ کام**، مالی امداد کی ایک اور قسم جس میں طلباء کو کیمپس میں جزوقتی ملازمت تک رسائی ہوتی ہے۔

مالی امداد کے لیے اہلیت

زیادہ تر مالی امداد کے لیے اہلیت کا تعین مالی ضرورت کی بنیاد پر کیا جاتا ہے۔ مالی ضرورت کا تعین گھرانے کی آمدنی اور دیگر عوامل کی بنا پر کیا جاتا ہے۔ **زیادہ تر مالی امداد کے لیے، آپ کا امریکی شہری، امریکہ کا مستقل رہائشی یا دیگر اہل غیر ملکی ہونا ضروری ہے۔**

- **غیر دستاویز شدہ طلباء کے لیے**، آپ غیر ملکیوں کے لیے DREAM ایکٹ کے ذریعے مالی امداد کے لیے اہل ہو سکتے ہیں۔
- **ایسے طلباء جو امریکی شہری ہیں یا مستقل رہائشی ہیں تاہم ان کے والدین غیر دستاویز شدہ ہیں**، آپ FAFSA کی وساطت سے مالی امداد حاصل کرنے کے اہل ہیں۔

مالی امداد کے لیے درخواست دینا

مالی امداد حاصل کرنے کے تناظر میں آپ کو مالی امداد کی درخواست مکمل کرنے کی ضرورت ہو گی۔ اپنے کالج ایڈوائزر یا رہنما مشاورت کار سے بات کریں تاکہ آپ ان فارمز اور ان کے عمل کاری کے بارے میں مزید جان سکیں۔

مالی امداد کی درخواستیں		
یہ کیا کہلاتی ہے؟	یہ کس لیے ہے؟	کیا مجھے یہ مکمل کرنی چاہیئے؟
FAFSA	FAFSA ایک ایسی درخواست ہے جسے وفاقی حکومت کی جانب سے مالی امداد کی درخواست کے لیے زیر غور لایا جاتا ہے۔ مالی امداد کے دیگر فراہم کنندگان، جیسا کہ ریاستی حکومتیں بھی FAFSA کو اپنی درخواست کے جزو کے طور پر استعمال کرتی ہیں۔ FAFSA کو آپ کے مالی امداد کے عمل کی بنیاد سمجھا جاتا ہے، اور دیگر فارم FAFSA کے بعد جمع کروائے جاتے ہیں۔	**جی ہاں**، اگر آپ شہری، مستقل رہائشی یا اہل غیر ملکی ہیں؛ تو اپنے اسکول کے مشاورت کار سے بات کریں۔
TAP	Tuition Assistance Program (TAP) (ٹیوشن اسسٹنٹ پروگرام) ریاست نیو یارک کی جانب سے NYS کے اہل رہائشیوں کے لیے مالی امداد ہے۔	**جی ہاں**، اگر آپ NYS کے رہائشی ہیں اور NYS کے کسی بھی کالج میں درخواست دے رہے ہیں۔
CSS پروفائل	کچھ نجی کالجوں کی جانب سے درخواست دہندگان سے تقاضا کیا جاتا ہے کہ وہ FAFSA اور TAP کے علاوہ CSS پروفائل جمع کروائیں۔ ان کالجوں میں CSS پروفائل کا استعمال اس تعین کے لیے کیا جاتا ہے کہ آیا طلباء کالج کے ذاتی وسائل ہی سے اسکالرشپس یا دیگر امداد کے اہل ہیں یا نہیں۔	صرف اس صورت میں جب آپ ایسے کالجوں میں درخواست دے رہے ہوں جہاں FAFSA کے علاوہ یہ فارم بھی مطلوب ہو۔

اسکالرشپس

آپ خصوصی اسکالرشپس کے لیے بھی درخواست دے سکتے ہیں۔ کئی طرح کے اسکالرشپس موجود ہیں اور ان سب کے لیے اہلیت کا معیار الگ الگ ہے۔ آپ اسکالرشپس کے بارے میں مزید یہاں سے جان سکتے ہیں:

- فیڈرل اسٹوڈنٹ ایڈ—اسکالرشپس
- کالج بورڈز بگ فیوچر
- کریئر ون اسٹاپ اسکالرشپ سرچ

کچھ ایسے اسکالرشپس موجود ہیں جو معذور طلباء کے لیے مخصوص ہیں۔ NYC کے میئر کا دفتر برائے معذور افراد (MOPD) معذور افراد کے لیے اسکالرشپس کے بارے میں معلومات فراہم کرتا ہے۔

آپ کو کتنی امداد موصول ہو گی؟

ہر ایک کالج جو آپ کو داخلے کی پیشکش کرتا ہے اس کی جانب سے آپ کو **مالی امداد کا ایوارڈ لیٹر** موصول ہو گا۔ یہ خط:

- آپ کی مالی امداد کے پیکیج کا خلاصہ ہوتا ہے
- کل اخراجاتِ تعلیم (COA) کا خاکہ ہوتا ہے
- اس میں کسی بھی ایسی مالی امداد کی فہرست شامل ہوتی ہے جو آپ کو اخراجات کا نظم کرنے میں مدد دینے کے لیے تفویض کی گئی ہو
- کالج پورٹل پر آپ کی درخواست کے اکاؤنٹ میں ایک خلاصے کی صورت میں موجود ہو سکتا ہے
- ایک سے زیادہ مالی امداد کی اقسام پر مشتمل ہو سکتا ہے

کالج سے متعلق مالی فیصلہ سازی

کالج کے انتخاب میں بہت سے عوامل کارفرما ہوتے ہیں۔ ایک اہم عنصر لاگت ہے—کالج کا انتخاب کرنا گویا مالی فیصلہ سازی ہے۔ اپنے خاندان، کالج ایڈوائزر اور دیگر قابل اعتماد افراد کے ساتھ مالی امداد کے پیکیجز کے اثرات پر بات چیت کریں جو مختلف کالجوں کی جانب سے آپ کو پیش کیے جاتے ہیں۔ ممکن ہے کہ کچھ کالجوں کی جانب سے گرانٹ دی جاتی ہو اور ان کے اخراجات کم ہوں، تو آپ کو رقوم ادھار لینے کی ضرورت نہ پڑے۔ دیگر کالجز شاید آپ کو بڑے قرضے دیں اور بہت کم گرانٹ فراہم کریں۔

ایسے آن لائن ٹولز موجود ہیں جو آپ کو کالج کی جانب سے مالی امداد کی پیشکشوں کا جائزہ لینے میں مدد دیتے ہیں۔ ان تمام ٹولز، بشمول کالج کاسٹ کیلکولیٹرز، سے آپ اور آپ کے خاندان کو ہر کالج کی استطاعت پذیری اور کسی بھی قرض کی واپسی کی تفصیلات سمجھنے میں مدد ملتی ہے۔ آپ کے رہنما مشاورت کار یا کالج ایڈوائزر ان سوالات کے جوابات دینے میں آپ کی مدد کر سکتے ہیں۔ آپ معلومات حاصل کرنے کے لیے کالج کے مالی امداد کے دفاتر سے بھی رابطہ کر سکتے ہیں۔

کالج کے اخراجات کو سمجھنے میں مدد دینے کے لیے وسائل

https://studentaid.gov/

یہ United States Department of Education (امریکی محکمہ تعلیم) کی ویب سائٹ ہے جس میں کالج کے اخراجات اور مالی امداد کے لیے درخواست دینے کا طریقہ شامل ہے۔ فیڈرل اسٹوڈنٹ ایڈ ایسٹیمیٹر سے طلباء کو وفاقی مالی امداد کے لیے اپنی اہلیت کا اندازہ لگانے میں مدد ملتی ہے۔

https://www.hesc.ny.gov/home/

NYS کی اعلیٰ تعلیم کی خدمات کی کارپوریشن کی یہ ویب سائٹ NYS کی مالی امداد، نیز عمومی مالی امداد کے بارے میں معلومات فراہم کرتی ہے۔

https://finaid.org/

یہ ویب سائٹ عوامی خدمت انجام دینے والی غیر منافع بخش تنظیم چلاتی ہے جو کہ کالج کے طلباء کو مالی امداد کے بارے میں معلومات فراہم کرتی ہے اور کالج کے اخراجات کا نظم کرنے کے لیے تجاویز بھی دیتی ہے۔ Finaid.org متعدد کیکولیٹرز پیش کرتی ہے تاکہ آپ کو کالج کے بارے میں مالی فیصلہ سازی میں مدد دی جا سکے۔

مالی امداد کی پیشکش قبول کرنا

اپنے خاندان اور ایڈوائزر کے ساتھ مالی امداد کے ایوارڈ لیٹرز کا جائزہ لینے کے بعد، آپ کو اسکول کے داخلے اور مالی امداد کی پیشکش کو باضابطہ طور پر قبول کرنے کے لیے چند اقدامات کرنے ہوں گے:

- فیصلہ کریں کہ آپ کس کالج میں جائیں گے،
- کالج کے پورٹل سے اپنے اکاؤنٹ میں لاگ ان ہوں
- اس مالی امداد پر کلک کریں جو آپ قبول کریں گے۔
- اگر آپ کو معلوم نہیں ہے کہ آپ کو پیش کردہ مالی امداد کے پیکیج کو کیسے قبول کیا جائے تو کالج کے مالی امداد کے دفتر سے رابطہ کریں۔

مالی امداد سے متعلق استثنیٰ برائے معذور طلباء

زیادہ تر مالی امداد کے تحت آپ سے کل وقتی حاضری درکار ہے اور یہ محدود تعداد میں سمسٹرز تک ہی دستیاب ہوتی ہے۔ تاہم اگر آپ معذور طالبعلم ہیں، تو ان تقاضوں میں کچھ مستثنیات مل سکتی ہیں۔ آپ مزید معلومات یہاں تلاش کر سکتے ہیں۔

آگاہ رہیں کہ جب آپ کالج میں جاتے ہیں تو آپ کو ہر سال مالی امداد کے لیے درخواست دینی ہوتی ہے۔ مالی امداد کے لیے آپ کی اہلیت کا دوبارہ جائزہ، آپ کے والدین کی اور آپ کی آمدنی اور دیگر عوامل کی بنیاد پر لیا جاتا ہے۔ یہ عمل آپ کے FAFSA اور کسی دیگر مالی امداد کے فارمز کے ذریعے انجام دیا جاتا ہے، جیسا کہ TAP کی درخواست، جو آپ کے لیے جمع کروانا ضروری ہے۔

مالی امداد کی درخواستوں کی بابت مزید معلومات اور تجاویز کے لیے ملاحظہ کریں کالج کے لیے ادائیگی۔

5 کالج میں سہولیات

اس باب کے بنیادی تصورات

- آپ کا IEP کالج میں لاگو نہیں ہوتا
- کالج کی سہولیات
- یہ تعین کرنا کہ آپ کو کون سی سہولیات درکار ہیں
- سہولیات کی درخواست کرنا
- خاندانی تعلیمی حقوق اور رازداری کا ایکٹ (FERPA)
- میڈیکل ریلیز اور ہیلتھ پراکسی

جب آپ کالج جاتے ہیں تو آپ کا IEP مزید لاگو نہیں رہتا۔ کوئی بھی اسکول پر مبنی خدمات یا سہولیات جو آپ ہائی اسکول میں حاصل کرتے ہیں، وہ کالج میں جاری نہیں رہیں گی۔ آپ کو اپنے IEP کے جزو کے طور پر اسکول کی جانب سے مہیا کردہ کوئی بھی ڈیوائس واپس کرنے کی ضرورت ہو گی۔



تاہم، کالج کے معذور طالبعلم کی حیثیت سے آپ سہولیات کے لیے اہل ہو سکتے ہیں۔

کالجز کے پاس طلباء کی کامیابی میں مدد کے لیے مختلف قسم کی معاونتیں اور خدمات موجود ہوتی ہیں، جیسے ٹیوشن، تعلیمی رہنمائی، پروفیسر کے دفتر کے اوقات، مینٹورنگ، کریئر کی مشاورت اور صحت کی خدمات۔

سہولیات اور انہیں حاصل کرنے کا طریقہ

سہولیات مطابقت پذیر ہوتی ہیں جو یہ یقینی بنانے کی غرض سے ہیں کہ معذور طلباء کو بھی کالج کے دیگر تمام طلباء کی طرح مواقع تک مساوی رسائی حاصل ہو۔ بعض اوقات کالج "تعلیمی مطابقت" کی اصطلاح کالج کی کلاسز کے لیے فراہم کردہ سہولیات کے لیے استعمال کرتے ہیں۔

ہائی اسکول یا اسکول ڈسٹرکٹس کے برعکس، کالج پر یہ قانونی پابندی عائد نہیں ہے کہ وہ معذور طلباء کی شناخت کریں۔ آپ کو کالج کے لیے درخواست دیتے وقت یا وہاں پڑھتے وقت اس بات کا انکشاف کرنے کی ضرورت نہیں ہے کہ آپ معذور ہیں۔ تاہم، اگر آپ کو کوئی تعلیمی مطابقت یا کسی قسم کی مناسب سہولت درکار ہے تو، **اس عمل کو شروع کرنا آپ کی ذمہ داری ہے۔**

NYC میں ایک طالبعلم کی حیثیت سے، آپ کے پاس یہ موقع بھی ہے کہ آپ کی معذوری سے متعلق دستاویزات ہائی اسکول سے گریجویشن کے بعد آپ کی پسند کے اعلیٰ تعلیم کے ادارے کے ساتھ الیکٹرونک طور پر شیئر کی جائیں۔ یوں سہولیات کے لیے اہلیت کے عمل کو آسان بنانے میں مدد ملتی ہے، کیونکہ اس سے آپ کی تازہ ترین دستاویزات، جیسے آپ کا IEP اور مزید حالیہ جائزاتی نتائج، بروقت آپ کی طرف سے شیئر کیے جاتے ہیں۔ اس عمل کے بارے میں مزید جاننے کے لیے اپنی IEP ٹیم سے بات کریں۔



درخواست کے عمل کا آغاز آپ پر منحصر ہے۔

سہولیات کے حصول کی آپ کی درخواست اور ان کی منظوری کے بعد، آپ کو سہولیات کا منصوبہ موصول ہو گا۔ اس منصوبے میں ان مخصوص سہولیات میں بتایا جائے گا جو آپ کو اپنے کورسز یا کالج کی دیگر سرگرمیوں کے دوران موصول ہوں گی۔ بعض اوقات یہ "سہولیات کا خط" کہلاتا ہے۔ آپ کو ہر سمسٹر (یا سہ ماہی) میں سہولیات کی درخواست کرنا ہو گی تاکہ آپ کو سہولیات کا نیا منصوبہ موصول ہو۔

سہولیات سے متعلق تمام معلومات: کچھ اہم اصطلاحات

رسائی کی خدمات:	رسائی کی خدمات کالج یا یونیورسٹی کا ایسا شعبہ ہے جو کہ معذور طلباء کے لیے سہولیات اور خدمات کی فراہمی کا بندوبست کرتا ہے۔ کالجوں میں ان سے ملتے جلتے دیگر نام ہو سکتے ہیں جیسا کہ ڈس ایبیلیٹی سروسز، سینٹر فار ایکسسیبیلیٹی ریسورسز یا آفس آف ایکسسیبیلیٹی۔
متبادل فارمیٹس	متبادل فارمیٹس تعلیمی مواد کو پیش کرنے کے مختلف طریقے ہیں جو عام معیاری پرنٹ سے مختلف ہیں۔ مطالعے میں متبادل فارمیٹس میں الیکٹرونک متن، بریل یا آڈیو ریکارڈنگز شامل ہو سکتی ہیں۔
معاون ٹیکنالوجی (AT)	معاون ٹیکنالوجی (AT) کوئی ایسا آئٹم، سافٹ ویئر، ٹول یا پروگرام ہے جو آپ کو مطالعے، لکھائی یا حرکت پذیری جیسے کاموں میں مدد دیتا ہے۔ AT میں الیکٹرونک ڈیوائسز کے ساتھ ساتھ آپ کے فون میں ایپس بھی شامل ہو سکتی ہیں۔ دیگر مماثل اصطلاحات مطابقت پذیر ٹیکنالوجی اور مطابقت پذیر آلات ہیں۔ آپ یہاں مزید جان سکتے ہیں۔ بطور یاددہانی، آپ کو اپنے ہائی اسکول یا کالج کی جانب سے مہیا کردہ کوئی بھی ڈیوائسز واپس کرنا ہوں گی۔
دستاویزات	دستاویزات سے مراد وہ تحریری ثبوت ہیں جو آپ اپنی معذوری کے بارے میں فراہم کرتے ہیں۔ اس میں میڈیکل رپورٹس، آپ کا حالیہ IEP، اور جائزہ شامل ہو سکتے ہیں۔ سہولیات کی درخواست سے قبل یہ ضرور دیکھیں کہ اگر کالج کو دستاویزات درکار ہیں تو کون سی درکار ہیں۔
ذاتی انکشاف	ذاتی انکشاف سے مراد ہے کہ جب آپ اپنی معذوری کے بارے میں ذاتی معلومات دیتے ہیں تاکہ آپ کو کالج یا کسی جائے ملازمت پر ADA کی سہولیات موصول ہو سکیں۔ اپنی معذوری کا انکشاف کرنا آپ کی اپنی صوابدید پر ہے۔ کالجوں پر لازم ہے کہ آپ کو سہولیات فراہم کرنے کے مقصد کے علاوہ آپ کی رازداری برقرار رکھیں۔
یونیورسل ڈیزائن	یونیورسل ڈیزائن عمارات، مصنوعات، تدریسی تجربات یا خدمات کی تخلیق کی ایک حکمت عملی ہے، لہٰذا یہ ہر ایک بشمول معذور افراد کے لیے قابل رسائی ہیں۔

سہولیات سے مراد بہت سی مختلف چیزیں ہو سکتی ہیں، جن کا انحصار آپ کی ضروریات پر ہے۔

تعلیمی سہولیات کی مثالیں

- امتحانات کے لیے اضافی وقت
- کلاس روم میں ترجیحی نشستیں
- امتحانات کے لیے مخصوص مقام
- کلاس روم میں امریکی اشاراتی زبان کے مترجم
- پڑھنے یا لکھنے کے لیے معاون ٹیکنالوجی کا استعمال
- لیکچرز کی وائس ریکارڈنگز
- لیکچر کے نوٹس
- نوٹ لکھنے میں مدد
- تعلیمی کارکردگی پر بار بار فیڈبیک
- کلاس کے اوقات کے دوران وقفے
- اسائنٹمنٹس اور امتحانات کا پیشگی نوٹس
- آڈیو کتب تک رسائی
- اسپیچ ٹو ٹیکسٹ سافٹ ویئر کا استعمال
- سواری کے جانور
- کورس کا کم کردہ لوڈ (جبکہ مالی امداد کے لیے کل وقتی حیثیت برقرار رکھی جاتی ہے)

غیر تعلیمی سہولیات کی مثالیں

- رہائش سے متعلقہ سہولیات جیسا کہ عمارت میں ایسا کمرہ ہونا جہاں لفٹ ہو یا ایک کمرہ ملنا
- کیمپس میں معاونتی جانور
- کھانے سے متعلقہ سہولیات جیسا کہ مخصوص کھانے کی دستیابی

سہولیات کے عمل کے بارے میں جاننا

جب آپ کالجوں کے لیے تحقیق کرتے ہیں تو سہولیات موصول کرنے کے عمل کے بارے میں جانیں، بالخصوص اس کالج کے لیے جہاں آپ کو داخلہ لینے کا بےحد شوق ہو۔ آپ یہ معلومات کالج کی ویب سائٹ پر معلوم کر سکتے ہیں۔

سہولیات کی درخواست کرنا

کالج کا انتخاب کر لینے کے بعد، **سہولیات کے بارے میں جاننے اور ان کی درخواست کرنے کا عمل شروع کرنے کے لیے، رسائی کے دفتر سے رابطہ کریں۔** آپ کسی بھی وقت سہولیات کی درخواست کر سکتے ہیں، تاہم پہلے رابطہ کرنے سے یہ یقینی بنانے میں مدد ملتی ہے کہ کالج کے پاس آپ کی درخواست کا جائزہ لینے اور موزوں انتظامات فراہم کرنے کے لیے مناسب وقت ہو۔

سہولیات کی درخواست کرنا آپ اور ڈس ایبیلیٹی کے دفتر کے مابین تعامل کا عمل ہے۔ مخصوص معذوری کے لیے پہلے سے طے شدہ سہولیات کی کوئی فہرست موجود نہیں ہوتی۔ تمام سہولیات کا انحصار آپ کے کالج کے کورسز، آپ کی رہائش اور نگہداشت صحت کی صورتحال اور آپ کی ضروریات پر ہے۔



سہولیات کے بارے میں جاننے اور ان کی درخواست کرنے کا عمل شروع کرنے کے لیے، رسائی کے دفتر سے رابطہ کریں۔

آپ ڈس ایبیلیٹی کے دفتر سے کیمپس میں موجود دیگر وسائل اور خدمات کے بارے میں پوچھ سکتے ہیں جو ہو سکتا ہے کہ آپ کے لیے دلچسپی کی حامل ہوں۔ آپ درج ذیل کے بارے میں جان سکتے ہیں:

- مہارتوں پر مبنی انفرادی یا گروہی ورک شاپس (مثلاً وقت کا نظم)
- مشاورتی خدمات
- صحت کی خدمات
- مینٹورنگ کے پروگرامز
- کیمپس میں موجود معذور افراد کے لیے طلباء کے زیرِ انتظام تنظیمیں


آپ کی سہولیات کے منظور ہو جانے کے بعد، رسائی کا دفتر ان کا ایک خط میں خلاصہ پیش کرے گا۔ عموماً یہ خط متعلقہ انسٹرکٹرز کو ارسال کیا جاتا ہے۔ بعض صورتوں میں، آپ کے لیے ضروری ہے کہ آپ اپنے انسٹرکٹرز کو خط ارسال کریں جس میں نشاندہی کریں گے کہ آپ درج کردہ سہولیات استعمال کریں گے۔ خط سے آپ کی معذوری یا تشخیص کا انکشاف نہیں کیا جائے گا۔ اس میں بیان کیا جاتا ہے کہ آپ کے لیے مخصوص سہولیات منظور کی جا رہی ہیں۔

رسائی کے دفتر کے ساتھ رابطے میں رہیں۔ اگر کوئی مشکل پیش آتی ہے تو جتنی جلدی ممکن ہو انہیں آگاہ کریں تاکہ ان کا حل نکالا جا سکے۔



سہولیات کی درخواست کے لیے چیک لسٹ

- ☐ اپنے کورسز کا جائزہ لیں: ان رکاوٹوں کی نشاندہی کریں جن کے لیے سہولت کا منصوبہ (خط) درکار ہو گا۔
- ☐ سہولیات کی ایک فہرست تیار کریں جس میں ان رکاوٹوں کو دور کیا جائے گا۔
- ☐ (اگر آپ کیمپس میں رہائش اختیار کرنے والے ہیں تو) اپنی رہائش اور کھانے کی ضروریات کا جائزہ لیں تاکہ کسی بھی رکاوٹ کی نشاندہی ہو سکے جس کے لیے سہولت کا منصوبہ درکار ہو۔
- ☐ اپنے کالج کی ویب سائٹ پر رہنمائی کا مطالعہ کریں تاکہ سہولیات کی درخواست کرنے کے اقدامات کو سمجھ سکیں۔
- ☐ کالج کی ویب سائٹ پر فارمز یا خط کے ٹیمپلیٹس تلاش کریں تاکہ آپ کو اپنی درخواست لکھنے میں مدد مل سکے۔
- ☐ اپنی درخواست پر بات چیت کرنے کے لیے رسائی کے دفتر کے ساتھ ایک اپائنٹمنٹ طے کریں۔
- ☐ سہولیات کے لیے اپنی درخواست جمع کروائیں۔
- ☐ رسائی کے دفتر میں موجود عملے سے دیگر سرگرمیوں یا معاونتوں کے بارے میں پوچھیں جو کہ آپ کے لیے مفید ہو سکتی ہیں۔
- ☐ اگر آپ کو دیئے گئے مقررہ وقت کے اندر اپنی درخواست کی بابت کوئی جواب موصول نہیں ہوتا تو اپنی درخواست کا فالو اپ لیں۔
- ☐ اپنے سہولیات کے منصوبے کا جائزہ لیں تاکہ یقینی بنایا جا سکے کہ آپ اسے سمجھ گئے ہیں اور اس میں وہ سہولت شامل ہے جو آپ کے خیال میں آپ کو درکار ہے۔ (اگر نہیں، تو آپ دفتر کے ساتھ بات کر سکتے ہیں تاکہ ممکنہ تبدیلیوں پر تبادلہ خیال کیا جا سکے۔)
- ☐ اپنے سہولیات کے منصوبے کے بارے میں اپنے انسٹرکٹرز کو آگاہ کرنے کے اقدامات کی پیروی کریں۔



خاندانی تعلیمی حقوق تا رازداری کا ایکٹ (FERPA)

آپ کے تعلیمی ریکارڈز اور ذاتی معلومات تک رسائی سے متعلق ایک قانون بھی موجود ہے۔ خاندانی تعلیمی حقوق تا رازداری کا ایکٹ (FERPA) ایک وفاقی قانون ہے جس میں بیان کیا جاتا ہے کہ والدین اور سرپرستوں کو اپنے بچوں کے تعلیمی ریکارڈ تک رسائی کا حق حاصل ہے، ان ریکارڈز میں درستگی کی درخواست کرنے کا حق حاصل ہے اور ذاتی شناختی معلومات کے افشاء پر کچھ حد تک کنٹرول رکھنے کا بھی حق حاصل ہے۔

جب آپ 18 سال کے ہو جاتے ہیں یا آپ کسی بھی عمر کے کالج کے طالبعلم ہیں تو FERPA کے تحت حقوق آپ کے والدین سے آپ کو منتقل ہو جاتے ہیں۔ اس سے مراد ہے کہ کالج کا عملہ صرف آپ کے ساتھ معلومات کا براہ راست اشتراک کر سکتا ہے، نہ کہ آپ کے والدین، سرپرستوں یا کسی دوسرے فرد کے ساتھ۔ تاہم کچھ ایسے واقعات ہو سکتے ہیں جب آپ کو اپنے والدین یا اپنی زندگی میں شامل کسی اور فرد کی ضرورت پڑ سکتی ہے کہ وہ آپ کی جانب سے کالج کے ساتھ بات چیت کریں۔ اس صورت میں آپ کو ریلیز فارم یا FERPA کی دستبرداری پر دستخط کرنے کی ضرورت ہو گی۔ (FERPA کی دستبرداریوں کی دیگر اقسام بھی موجود ہیں جہاں آپ اپنے ریکارڈز دیکھنے کے حق سے دستبردار ہوتے ہیں، جیسا کہ پروفیسر کی جانب سے سفارش کا خط۔)

جب آپ کالج میں درکار سہولیات کے بارے میں سوچتے ہیں اور انہیں حاصل کرنے کی تیاری کرتے ہیں، تو آپ کو یہ بھی غور کرنا چاہیئے کہ کیا آپ چاہتے ہیں یا ضرورت محسوس کرتے ہیں کہ آپ کے والدین یا نگہداشت کنندگان کو آپ کے تعلیمی ریکارڈز اور معلومات تک رسائی ہو اور وہ آپ کی جانب سے بات کر سکیں۔

میڈیکل ریلیز اور ہیلتھ پراکسی

جب آپ کالج کے طالبعلم ہوتے ہیں تو نگہداشت صحت کے فراہم کنندگان آپ کی میڈیکل معلومات کسی پر ظاہر نہیں کر سکتے۔ تاہم، بعض حالات میں آپ چاہتے ہوں گے یا ضرورت ہو سکتی ہے کہ آپ کے والدین یا کوئی اور قابلِ اعتماد شخص آپ کی میڈیکل معلومات تک رسائی حاصل کرے اور آپ کے نگہداشت صحت کے فراہم کنندگان سے بات کر سکے۔ اس کی اجازت دینے کے لیے آپ میڈیکل ریلیز یا ہیلتھ پراکسی پر دستخط کر سکتے ہیں۔ اپنے خاندان کے ساتھ اس پر بات چیت کریں اور جتنا جلدی ممکن ہو، اس بارے میں مزید جانیں۔ آپ کو کالج میں داخلے سے قبل مناسب فارمز مکمل کر لینے چاہیئیں۔ کالج کی ویب سائٹس پر میڈیکل ریلیز فارمز کے بارے میں معلومات موجود ہیں۔ ہیلتھ پراکسیز کے بارے میں مزید معلومات کے لیے ملاحظہ کریں: https://www.health.ny.gov/publications/1430.pdf

باب نمبر 6 اضافی وسائل، میں آپ کو CUNY, SUNY کے لیے رسائی کی خدمات کے تمام دفاتر کی ڈائریکٹری کے لنکس ملیں گے۔ آپ دیگر کالجوں کی رسائی کی خدمات کے لیے آن لائن تلاش کر سکتے ہیں۔

6 اضافی وسائل

اس باب کے بنیادی تصورات

- SUNY اور CUNY میں رسائی کی خدمات کے دفتر تلاش کرنے کی ڈائریکٹریز
- معذوری کے حقوق و خدمات سے متعلق معلومات
- منتقلی کی منصوبہ بندی، کالج میں داخلے اور مالی امداد کے لیے معاونتیں

کالج کی رسائی کی خدمات اور ڈس ایبیلیٹی پروگرامز

City University of New York (CUNY) (سٹی یونیورسٹی آف نیو یارک) اور
State University of New York (SUNY) (اسٹیٹ یونیورسٹی آف نیو یارک)
میں رسائی کی خدمات اور ڈس ایبیلیٹی کے پروگراموں کے بارے میں معلومات تلاش کریں۔

CUNY

شہر بھر میں CUNY کے کالجز اور یونیورسٹیاں موجود ہیں۔ ہر ایک کا اپنا ڈس ایبیلیٹی یا ایکسسیبیلیٹی سروسز آفس ہے جو تعلیمی سہولیات اور معذور طلباء کی معاونت کی فراہمی کے لیے ذمہ دار ہے۔

CUNY ڈس ایبیلیٹی اور ایکسسیبیلیٹی سروسز: معذور طلباء کے لیے CUNY کے بہت سے پروگراموں اور خدمات کے بارے میں معلومات تلاش کریں اور یہاں درج کردہ ہر CUNY کے کالج میں موجود ڈس ایبیلیٹی اور ایکسسیبیلیٹی سروسز آفسز کے لیے رابطہ معلومات تلاش کریں۔

عمل شروع کرنے کے لیے، براہ کرم سہولیات کی درخواست کا خفیہ فارم مکمل کریں، جہاں آپ جائزے کے لیے طبی یا معذوری سے متعلق دستاویزات محفوظ طریقے سے اپ لوڈ کر سکتے ہیں۔

مزید جاننے کے لیے CUNY اکاموڈیٹ لانچ پیج ملاحظہ کریں، جس میں مددگار وسائل کی توسیع پذیر لائبریری شامل ہے۔ اگر آپ تحریری ہدایات کو ترجیح دیتے ہیں تو، طلباء CUNY اکاموڈیٹ اسٹوڈنٹ یوزر گائیڈ بھی ڈاون لوڈ کر سکتے ہیں۔

SUNY

شہر بھر میں SUNY کے کالجز اور یونیورسٹیاں موجود ہیں۔ ہر ایک کا معذور طلباء کے لیے اپنا دفتر موجود ہے۔

SUNY ڈس ایبیلیٹی سروسز آفسز: معذور طلباء کے لیے SUNY کے بہت سے پروگراموں اور خدمات کے بارے میں یہاں معلومات تلاش کریں، ہر SUNY کے کالج میں موجود ایکسسیبیلیٹی سروسز آفس کے لیے رابطہ معلومات یہاں تلاش کریں۔

معذوری کی معلومات اور قانونی حقوق

معذوریوں، معذوری کے شہری حقوق اور آپ کو کالج کے طالبعلم کی حیثیت سے معاونت دینے کے وسائل کے بارے میں معلومات تلاش کریں۔

- **قومی مرکز برائے کالج کے معذور طلباء (NCCSD):** NCCSD ایک وفاقی فنڈ سے چلنے والا قومی مرکز ہے جو کالج کے مستقبل کے اور موجودہ طلباء کے لیے معذوری سے متعلق معلومات اور وسائل فراہم کرتا ہے، جن میں جزوقتی پروگرامز اور گریجویٹ طلباء بھی شامل ہیں۔ NCCSD کی ویب سائٹ پر طلباء، خاندانوں، اساتذہ، پروفیسرز اور ان تمام افراد کے لیے وسیع تعداد میں موضوعات سے متعلق معلومات موجود ہیں جن کے معذوری اور اعلیٰ تعلیم سے متعلق سوالات ہیں۔
- Department of Education, Office for Civil Rights (محکمہ تعلیم، دفتر برائے شہری حقوق)
  - بعد از ثانوی تعلیم کے لیے معذور طلباء کی تیاری: اپنے حقوق اور ذمہ داریوں کو جانیں
  - بعد از ثانوی تعلیم کے معذور طلباء کے لیے معاون امداد اور خدمات
  - معذور طلباء کی بعد از ثانوی تعلیم میں منتقلی: ہائی اسکول کے معلمین کے لیے گائیڈ:
- معذور امریکیوں کے لیے ٹیکنیکل اسسٹنٹ پروگرامز
- Department of Justice, ADA (محکمہ انصاف، ADA)
- NYC کے میئر کا دفتر برائے معذور افراد
- **لرننگ ڈس ایبیلیٹی ایسوسی ایشن آف امریکہ**
  - طلباء کے لیے وسائل

معذوری کی خدمت کا نظام اور فراہم کنندگان

ریاست نیو یارک کی ان ایجنسیوں کے بارے میں معلومات تلاش کریں جو معذور افراد کو خدمات مہیا کرتی ہیں۔

- **ACCES-VR**: ACCES-VR ریاست نیو یارک کی ایجنسی ہے جو معذور افراد کو ملازمت حاصل کرنے اور برقرار رکھنے میں مدد دیتی ہے اور خودمختار زندگی بسر کرنے میں معاونت دیتی ہے۔ آپ جتنی ہو سکے ہائی اسکول کے جونیئر سال میں ہی ACCES-VR کے لیے درخواست دے سکتے ہیں تاکہ کریئر اور پیشہ ورانہ جائزہ، تربیت، نیز کریئر کاؤنسلنگ حاصل کر سکیں۔ طالبعلم کے کریئر کے اہداف اور کالج کے منصوبے پر منحصر، ACCES-VR معذور طلباء کے لیے معاونتیں فراہم کرنے کے قابل ہو سکتا ہے۔ اپنے اسکول کے مشاورت کار کے ساتھ تبادلہ خیال کریں کہ آیا آپ ACCES-VR کے لیے اہل ہیں یا نہیں، اور ACCES-VR کی ویب سائٹ پر مزید جانیں اور کالج سے متعلقہ معلومات یہاں ملاحظہ کریں۔
- **کمیشن برائے نابینا افراد:** ریاست نیو یارک کا کمیشن برائے نابینا افراد کا مشن یہ ہے کہ وہ ایسے افراد کی ملازمت کے قابل ہونے کی صلاحیت کو بہتر بنائے جو قانونی طور پر نابینا ہیں، ان کی زیادہ سے زیادہ خودمختاری کو فروغ دے، اور ان کی صلاحیتوں اور خوبیوں کی نمو میں مدد فراہم کرے۔
  - مزید معلومات کے لیے یا مقامی ڈسٹرکٹ دفتر تلاش کرنے کے لیے براہ کرم کال کریں: **1-866-871-3000** یا آپ کے قریب ترین ضلعی دفتر کو ای میل بھیجیں۔

- **نشوونمائی معذوریوں کے شکار افراد کا دفتر (OPWDD)**: نشوونمائی معذوریوں کے شکار افراد کے لیے ریاست نیو یارک کا دفتر (OPWDD) ان افراد کے لیے خدمات کو مربوط کرنے کا ذمہ دار ہے جو نشوونمائی معذوریوں کا شکار ہیں، جن میں ادراکی معذوریاں، دماغی فالج، ڈاؤن سنڈروم، آٹزم اسپیکٹرم ڈس آرڈرز، پریڈر-ویلی سنڈروم اور دیگر اعصابی نقائص شامل ہیں۔ OPWDD براہ راست اور تقریباً 450 غیر منافع بخش خدمت کی فراہم کنندہ ایجنسیوں کے نیٹ ورک کے ذریعے سروسز فراہم کرتا ہے۔
- **خود مختار زندگی کے مراکز**: خود مختار زندگی کے مراکز (ILCs) مختلف قسم کی خدمات فراہم کرتے ہیں جو نیو یارک کے تمام معذور افراد کو مکمل طور پر شمولیتی اور خود مختار زندگی گزارنے میں مدد دیتے ہیں۔ ILCs رہائش، تدریس اور روزگار کے تمام پہلوؤں میں مدد دیتے ہیں۔ وہ مقامی کمیونٹیز اور دیگر میں مکمل شرکت کی راہ میں حائل تعمیراتی، مواصلاتی اور رجحان سے متعلق رکاوٹوں کی نشاندہی کرتے ہیں اور انہیں دور کرنے میں مدد فراہم کرتے ہیں۔

کالج تک رسائی کے پروگرامز اور منتقلی کی منصوبہ بندی کے وسائل

معلومات اور ایسے پروگرامز تلاش کریں جن سے کالج اور کریئر کی رہنمائی ملتی ہے۔

- TCACs
- INCLUDEnyc
- تھنک کالج
- نیو یارک سٹی پبلک اسکولز (NYCPS)، **خاندانی گائیڈ برائے منتقلی کی منصوبہ بندی**
- فیڈرل TRIO پروگرامز
- گیئر اپ

کالج کے لیے مالی امداد

کالج کے اخراجات کا نظم کرنے اور مالی امداد کے لیے درخواست دینے کے طریقے کے بارے میں معلومات پائیں۔

- فیڈرل اسٹوڈنٹ ایڈ
- HESC
- UAspire
- FAFSA کو سمجھنا
- Finaid
- فوسٹر یوتھ کالج ایکسیس اقدام


6
اضافی وسائل
5
کالج میں سہولیات
4
کالج کے لیے ادائیگی
3
کالج میں درخواست دینا
2
ہائی اسکول میں تعلیم کے
دوران کالج کی تیاری
1
اپنے حقوق جانیں

NYC Public Schools

کالج کی منصوبہ بندی کی گائیڈ

برائے معذور طلباء، IEPs اور 504 منصوبوں کے حامل طلباء

گائیڈ کے ڈیجیٹل ورژن کے لیے براہ کرم اسکین کریں۔